13/12/2021

پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

پوشک نہر کے رجبہاؤں/الپکاؤں پرواقع مخدوش پل/پلیوں کی مرمت کے لیے 37.29لاکھ روپئے کی رقم منظور

لکھنؤ:13/دسمبر 2021

محکمہ آبپاشی و آبی وسائل اتر پردیش کے ذریعہ پوشک نہر کے 75.112 کلومیٹر سے 140.630 کے درمیان نکلنے والے رجبہاؤں/الپکاؤں پر مخدوش پل اور پلیوں کی مرمت کے لیے مجوزہ رقم 25000 لاکھ روپئے میں سے 37.29 لاکھ روپئے جاری کرنے کی منظوری دے دی گئی ہے۔ اس ضمن میں جاری سرکاری حکم نامہ میں کہا گیا ہے کہ پروجیکٹ کے سلسلہ میں مجاز سطح سے ٹیکنکل منظوری حاصل کرنے کے بعد ہی کام شروع کیا جائے ۔

اس سلسلہ میں محکمہ آبپاشی کے اسپیشل سکریٹری جناب مشتاق احمد کی جانب سے 09 دسمبر 2021 کو سرکاری حکم نامہ جاری کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ پروجیکٹ کا تعمیری کام وقت پر مکمل کرانے کے ساتھ ہی رقم خرچ کرتے وقت حکومت کے ذریعہ وقتاً فوقتاً جاری حکم نامہ پر عمل درآمد کرانا لازمی ہے۔ منظور رقم کا استعمال منظور پروجیکٹ پر ہی کیا جائے گا۔ ایسا نہ ہونے پر تمام جواب دہی محکمہ آبپاشی و آبی وسائل کی ہوگی۔ ضابطہ کے مطابق قانونی اجازت و ماحولیاتی کلیرنس مجاز سطح سے حاصل کرنے کے بعد ہی تعمیری کام شروع کرایا جائے۔

☆☆☆☆☆☆